نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں خصوصی اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر پوٹھوہار ریجن میں زرعی ترقی کے لیے ٹرانسفارمیشن پلان تیار کیا جارہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور، 08 فروری 2025: وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر پوٹھوہار ریجن میں زرعی ترقی کیلئے ٹرانسفارمیشن پلان تیار کیا جارہا ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں موجودہ موسمی حالات کے پیشِ نظر گندم و دیگر فصلات کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر محمد عامر خٹک اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) راولپنڈی نبیل سندھو سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا، ڈپٹی کمشنر چکوال قراۃ العین ملک، ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ٹرانسفارمیشن پلان کی تیاری کے لیے عوامی نمائندوں و دیگر سٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ لیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ راولپنڈی ڈویژن میں کل قابل کاشت رقبہ 25 لاکھ ایکڑ سے زائد ہے۔ امسال راولپنڈی ڈویژن میں 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت ہوئی۔ راولپنڈی ڈویژن میں جزوی رقبہ کے علاوہ گندم کی فصل کی صورتحال اطمینان بخش ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی ڈویژن میں طویل خشک موسم کے باعث گندم کی فصل پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ گندم کو موجودہ موسمی حالات سے محفوظ رکھنے کیلئے کاشتکاروں کی راہنمائی کی جائے۔ شعبہ اصلاح آبپاشی بارانی علاقوں میں خشک سالی سے نبرد آزما ہونے کیلئے ہنگامی پلان تیار کرے۔ اس کے علاوہ محکمہ زراعت پنجاب کی تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کاشتکاروں کی راہنمائی میں متحرک کردار ادا کریں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بارانی علاقوں میں سمال ڈیمز، منی ڈیمز اور تالابوں سے گندم کی آبپاشی کیلئے فوری انتظامات کئے

جائیں اور باغات کی آبپاشی کے لیے نصب شدہ ڈرپ ایریگیشن سسٹم کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اس مہم کے دوران ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کا بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔

☆☆☆☆